شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

23جنوری2026ء

پریس ریلیز

ٹرمپ کا منصوبہ در حقیقت گریٹر اسرائیل کے قیام کے لیے ایک نئے "نیو ورلڈ آرڈر" کا اعلان ہے۔

"غزہ امن بورڈ" اور "بورڈ آف پیس" کا قیام ایک نیا بالفور اعلامیہ ہے، جس کا مقصد صہیونی مفادات کو آگے بڑھانا اور فلسطینیوں کو غیر مسلح کرنا ہے۔

مسلم ممالک غیرتِ دینی کا مظاہرہ کریں اور مذموم صہیونی مقاصد کے توڑ کے لیے متحد ہو کر "اسلامی بورڈ آف جسٹس" کے قیام کا اعلان کریں۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): ٹرمپ کا منصوبہ در حقیقت گریٹر اسرائیل کے قیام کے لیے ایک نئے "نیو ورلڈ آرڈر" کا اعلان ہے۔"غزہ امن بورڈ" اور "بورڈ آف پیس" کا قیام ایک نیا بالفور اعلامیہ ہے، جس کا مقصد صہیونی مفادات کو آگے بڑھانا اور فلسطینیوں کو غیر مسلح کرنا ہے۔ مسلم ممالک غیرتِ دینی کا مظاہرہ کریں اور مذموم صہیونی مقاصد کے توڑ کے لیے متحد ہو کر "اسلامی بورڈ آف جسٹس" کے قیام کا اعلان کریں۔اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ تقریباً چار سال تک غزہ میں فلسطینی مسلمانوں کی مسلسل نسل کُشی کرنے والے درندے اب نام نہاد 'انسانی حقوق' کے علمبردار بن کر غزہ میں 'امن' کے منصوبے پیش کر رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ٹرمپ، جو صہیونیوں کا ازلی غلام ہے، کا قائم کردہ نام نہاد غزہ امن بورڈ کا پالیسی ساز ادارہ "بورڈ آف پیس" جنگی مجرموں پر مشتمل ہے۔اِس ذیلی ادارے کا چیئرمین ٹرمپ ہو گا اور دیگر ڈائریکٹرز میں ٹرمپ کا بدنام زمانہ یہودی داماد جیرڈ کشنر، امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو، ٹرمپ کا دیرینہ دوست اور ارب پتی پراپرٹی ٹائیکون وٹکوف، ورلڈ بینک کا امریکی نواز سکھ صدر اجے بانگا، جنگی جرائم کا ایک اور بے تاج بادشاہ برطانیہ کا سابق وزیر اعظم ٹونی بلیئر، GFH کے نام سے غزہ میں "امدادی کارروائیوں" کی آڑ میں ہزاروں بے گناہوں کو شہید کرنے والے لائٹ سٹون سمیت لاتعداد صہیونی وصہیونی نواز شامل ہیں۔ حیرت انگیز طور پر بورڈ آف پیس کی دستاویز میں ٹرمپ کو کسی ڈکٹیٹر جیسے اختیارات دے دیئے گئے ہیں اور ہر معاملہ میں ویٹو کا حق صرف اور صرف ٹرمپ کو حاصل ہو گا۔ چند روز قبل ایک پریس کانفرنس کے دوران ٹرمپ نے واشگاف الفاظ میں حماس، حزب اللہ اور دیگر فلسطینی مسلح تنظیموں کو ختم کرنے کے عزم کا اظہار کیا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ ٹرمپ کا یہ منصوبہ صہیونیوں کے مفادات کو آگے بڑھانے اور گریٹر اسرائیل کے قیام کی راہ ہموار کرنے کے لیے ایک نو وارد " نیو ورلڈ آرڈر" کا اعلان ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل کے ابلیسی ایجنڈا کے توڑ، اسلام دشمن قوتوں کو دندان شکن جواب دینے اور ارضِ مقدس کی حفاظت کے لیے مسلم ممالک غیرتِ دینی کا مظاہرہ کریں اور متحد ہو کر ایک "اسلامی بورڈ آف جسٹس" کے قیام کا اعلان کریں۔

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت

تنظیم اسلامی کا پیغام — خلافتِ راشدہ کا نظام

بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمد — امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: January 23rd, 2026

Trump's plan is, in reality, a declaration of a new 'New World Order' aimed at the establishment of Greater Israel.
The establishment of the 'Gaza Peace Board' and the 'Board of Peace' constitutes a new Balfour Declaration, intended to advance Zionist interests and to disarm the Palestinians.
Muslim countries must demonstrate religious dignity and unite to announce the establishment of an 'Islamic Board of Justice' to counter malicious Zionist objectives.
(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that after nearly four years of continuous genocide of Palestinian Muslims in Gaza, the perpetrators are now presenting themselves as so-called champions of 'human rights' and unveiling 'peace' plans for Gaza. The reality is that Trump – an eternal servant of the Zionists – has established a so-called Gaza Peace Board whose policy-making body, the 'Board of Peace', is composed of war criminals. This subsidiary body will be chaired by Trump himself. Other directors include Trump's notorious Jewish son-in-law Jared Kushner; U.S. Secretary of State Marco Rubio; Trump's long-time friend and billionaire property tycoon Witkoff; the World Bank's pro-American Sikh president Ajay Banga; another uncrowned king of war crimes, former British Prime Minister Tony Blair; Lightstone, responsible for the killing of thousands of innocents in Gaza under the guise of 'humanitarian operations' through GFH; along with numerous other Zionists and Zionist sympathizers. Alarmingly, the Board of Peace document grants Trump dictator-like powers, vesting the exclusive right of veto in him alone. Only days ago, during a press conference, Trump openly declared his determination to eliminate Hamas, Hezbollah, and other Palestinian armed organizations. In truth, Trump's plan represents the declaration of a newly introduced 'New World Order' designed to advance Zionist interests and pave the way for the establishment of Greater Israel. He demanded that, to counter the malevolent agenda of the illegitimate Zionist state of Israel, to deliver a crushing response to Islam-hostile forces, and to safeguard the Holy Land, Muslim countries must demonstrate religious dignity and unite to announce the establishment of an 'Islamic Board of Justice'.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat